لوگوں میں اللہ کے سب سے زیادہ قریب وہ شخص ہے، جو ان میں سے سلام کرنے میں پہل کرتا ہے

ابو امامہ رضي الله عنه سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:”لوگوں میں سے اللہ کے سب سے زیادہ قریب وہ شخص ہے، جو ان میں سے سلام کرنے میں پہل کرتا ہے“۔ ترمذی کی روایت کے الفاظ یہ ہیں: آپ ﷺ سے پوچھا گیا: اے اللہ کے رسول! جب دو افراد آپس میں ملتے ہیں، تو کون سلام میں پہل کرتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ”جو دونوں میں اللہ سے زیادہ قریب ہوتا ہے“۔

[صحیح] [اسے امام ترمذی نے روایت کیا ہے - اسے امام ابو داؤد نے روایت کیا ہے]

لوگوں میں سب سے بہتر اور اللہ کے اطاعت شعار وہ بندے ہیں، جو اپنے بھائیوں سے سلام میں پہل کرتے ہیں کیونکہ یہ لوگ اللہ کی اطاعت اور محبت کی طرف لپکنے والے ہوتے ہیں اسی لیے ایسے لوگ سب سے زیادہ اللہ تعالی کی قربت اور اطاعت کے حامل ہوتے ہیں۔

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3621